# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو افسانہ و ڈراما (9016) خزاں 2026

سطح: بی ایس اُردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ رومانوی تحریک نے اردو افسانہ نگاری کو کس طرح متاثر کیا؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ یلدرم نے رومان پسندی کے باوجود زندگی کے حقائق سے نظر نہیں چرائی۔ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ پریم چند کے تصور حقیقت نگاری کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ منٹو تماشائی بننے کے بجائے خود تماشا کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس رائے پر اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پریم چند کے افسانہ ''کفن'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 6تا9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ کرشن چندر کی افسانوی دنیا میں رومانیت اور حقیقت کا امتزاج کس طرح سے جلوہ نما ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غلام عباس کو عام آدمی کا افسانہ نگار کیوں کہا جاتا ہے؟ مفصل جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اردو ڈرامے کی ابتدا اور ارتقا پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ آغا حشر کے ڈراموں کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اردو ڈرامے کے فروغ میں ریڈیو نے اہم کردار ادا کیا؟ بحث کیجیے۔ (20)